الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کورس میں پہلے دن کروائی جانے والی نیتیں

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو! کورس میں شرکت کے لئے آخرت کے تعلق سے مزید اچھی اچھی نیتیں بھی کر لیتے ہیں۔

حدیث پاک میں ہے "مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے"۔

(طبرانی المعجم الکبیر جلد6 صفحہ 185 حدیث 942)

﴿1﴾ اصل مقصود یعنی دینی تربیت حاصل کروں گی۔

﴿2﴾ حلقہ ذمہ دار، درجہ ذمہ دار اور مدرسات کی اطاعت کروں گی۔

﴿3﴾ زبان، آنکھ اور پیٹ کا قفل مدینہ لگاؤں گی۔ یعنی فضول گوئی، فضول نگاہی سے بچوں گی اور بھوک سے کم کھاؤں گی۔

﴿4﴾ ہر موقع پر مدنی انعامات پر عمل جاری رکھوں گی۔

﴿5﴾ وضو، نماز اور قرآن پاک پڑھنے میں جو غلطیاں ہوں گی وہ درست کروں گی۔ (جاننے والی یہ نیتیں کریں کہ سکھاؤں گی)

﴿6﴾ اُن پر زندگی بھر عمل کرتی رہوں گی۔

﴿7﴾ تمام فرض سنتیں پابندی کے ساتھ ادا کروں گی۔

﴿8﴾ تہجد، اشراق وچاشت اور اوابین کی نمازیں ادا کروں گی۔

﴿9﴾ ایک لمحہ بھی ضائع نہیں ہونے دوں گی، اللہ اللہ کرتی رہوں گی، درود شریف پڑھتی رہوں گی۔ (درس وبیان بغیر کچھ پڑھے خاموشی سے سننا ہوتا ہے)

﴿10﴾ حسب موقع صلو علی الحبیب! کہہ کر دوسروں کو بھی درود شریف پڑھاؤں گی۔

﴿11﴾ خوب انفرادی کوشش کروں گی۔

﴿12﴾ نیکی کی دعوت دوں گی۔

﴿13﴾ درس دوں گی۔

﴿14﴾ اگر کوئی اسلامی بہن بیمار ہو گئی تو تیمارداری کروں گی۔

﴿15﴾ اپنے لیے، گھر والوں کے لئے اور امت مسلمہ کے لئے دعائیں کروں گی۔

﴿16﴾ اگر کسی نے بلاوجہ سختی کی تب بھی صبر کروں گی۔

﴿17﴾ تھکن وغیرہ کے سبب غصہ آگیا تو زبان کا قفلِ مدینہ لگاتے ہوئے صبر کروں گی۔

﴿18﴾ اگر کوئی جھگڑا کریں گی تو حق پر ہونے کے باوجود اس سے جھگڑا نہ کر کے حدیث پاک میں دی ہوئی بشارت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقدار بنوں گی: "جو حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا نہیں کرتا میں اس کے لئے اطراف جنت میں گھر کا ضامن ہوں"۔

﴿19﴾ اگر میری وجہ سے کسی مسلمان کی دل آزاری ہوئی تو اسی وقت معافی مانگوں گی۔

﴿20﴾ چونکہ ہر وقت ساتھ رہنے میں حق تلفیوں کا امکان زیادہ رہتا ہے لہذا واپسی پر انتہائی لجاجت کے ساتھ فرداً فرداً معافی تلافی کروں گی۔

مدنی پھول: نیتیں کرواتے وقت نمبر نہ دہرائیں جائیں۔